23/08/2025

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ اشفاق امین سے خبریں سُنئے

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہاہے کہ سرکاری ملازمین انتظامیہ میں ریڑھ کی ہڑی کی حیثیت رکھتے ہیں اور ملازمین کی دیانت داری ، لگن اور غیر جانبداری انتظامی معاملات کا اہم اثاثہ ہیں ۔ ان باتوں کا اظہار ایل جی نے سینٹر فار Innovations In Public System کا ایوارڈ حاصل کرنے والے ملازمین کی عزت افزائی کے لئے منعقدہ ایک تقریب پر کیا ۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں انتظامیہ کو عوام دوست بنایا گیا ہے جس میں لوگوں کی ضروریات کو پورا کرنے پر خاص توجہ دی جاتی ہے ۔

بر طرفی

لیفٹنٹ گورنر کی جانب سے جاری ایک حکمنامے کے مطابق انتظامیہ نے غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث پائے جانے کے سیِاَد احمد خان اور محکمہ تعلیم میں اُستاد خورشید احمد راتھر کو نو Stockman بعد محکمہ شیپ ہسبنڈری کے اسسٹنٹ کری سے بر طرف کر دیا ہے۔ اس سلسلے میں جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے جاری ایک نوٹیفکیشن میں کہاگیا ہے کہ ان ملازمین کی بر طرفی کا فیصلہ قومی سلامتی کے مفاد میں لیاگیا ہے۔

کھیلو انڈیا

جھیل ڈل میں 21 اگست کو شروع ہواکھیلو انڈیا واٹر سپورٹس فسٹیول آج اختتام پذیر ہو رہا ہے ۔ فسٹیول کے پہلے دو دن کے دوران منعقد ہوئے مختلف کھیل مقابلوں میں کھلاڑیوں نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا ۔ مدھیہ پردیش نے اب تک سونے کے چار تمغے حاصل کرکے ان مقابلوں میں پہلی پوزیشن حاصل کی ہے ۔ جموں کشمیر کے محسن علی نے ایک ہزار میٹر Canoe مقابلے میں سونے کا تمغہ جیت لیا ہے ۔ اس کے علاوہ سجاد اور محمد حسین نے پانچ سو میٹر Kayaking میں چاندی کا تمغہ حاصل کیا ہے ۔ Doubles

بلقیس میر

مقابلوں کیلئے Canoeing اور Kayaking وادی کی معروف واٹر سپورٹس کھلاڑی اور کوچ بلقیس میرکو اس فیسٹول میں Competition Manager مقرر کیا گیا ہے۔ کھیلو انڈیا واٹرسپورٹس فیسٹول کے بارے میں اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا۔

ڈپٹی کمشنر سرینگر

ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو نے افسران کی ایک میٹنگ کے دوران بنکوں اور دیگر مالی اداروں کی وساطت سے عملائی جا رہی معاشی اور سماجی تحفظ کی سکیموں میں مستحق افراد کے اندراج کے عمل کی پیش رفت کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے اس سلسلے میں مقرر کئے گئے اہداف کے صد فیصد حصول کی ہدایت دی ۔ اس دوران ڈپٹی کمشنر نے خواجہ بازار سرینگر میں خانقاہِ نقشبندیہ پر حاضری دے کر عرس نقشبند ؒ کے لئے کئے گئے انتظامات کا جائزہ لیا ۔ واضح رہے کہ عرس کے سلسلے میں جمعرات 21 اگست سے ایام متبرکہ کا آغاز ہو گیا ہے ۔

فوڈ

فوڈ اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن محکمے نے منجمند کئے گئے گوشت اور مُرغ اور ان سے بننے والی اشیاءکا کاروبار کرنے والوں کیلئے قواعد و ضوابط پر مبنی ایک نوٹفکیشن جاری کیا ہے ۔ اس ضمن میں محکمے کی کمشنر برائے جموں کشمیر نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا۔ Smita Sethi

سپیس ڈے

ملک میں آج دوسرا نیشنل سپیس ڈے منایا جا رہا ہے ۔ اس سلسلے میں آج کئی پروگرام منعقد کئے جا رہے ہیں ۔ واضح رہے کہ سال 2023 میں آج ہی کے دن چندریان 3 کو چاند پر اتارا گیا تھا ۔ اس طرح بھارت چاند پر اترنے والا دنیا کا چوتھا جبکہ اس کے قطب جنوبی پر پہنچنے والا دنیا کا پہلا ملک بن گیا تھا ۔

پولیس

ایس ایس پی شوپیان عَنایت علی چودھری نے پولیس افسران کی ایک میٹنگ کے دوران ضلع کی مجموعی سلامتی صورتحال کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے عوام دوست اور موثر پولیسنگ کے عمل کو فروغ دینے پر زور دیا ۔ میٹنگ کے دوران تین نئے فوجداری قوانین کی عمل آوری کا بھی جائزہ لیا گیا ۔

منشیات

منشیات کے کاروبار کے خلاف کاروائی جاری رکھتے ہوئے پولیس نے سری گفوارہ اننت ناگ میں اعجاز بٹ نامی ایک ڈرگ سمگلر کو گرفتار کیا ہے ۔ اس کے رہائشی مکان پر چھاپے کے دوران 98 کلو گرام نشیلی اشیاءبر آمد کی گئی ہے ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ